14-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث: سنن الترمذی	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر(ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر(لفظوں میں):-----------------------------

نام طالبعلم:________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ امام ترمذی کی کنیت ہے:

(الف) ابو موسیٰ (ب) ابو عیسیٰ (ج) ابو الحسن (د) ابو جعفر

2۔ نماز میں حرام کرنے والی چیز ہے:

(الف) تکبیر (ب) قیام (ج) رکوع (د) سجود

3۔ تین تین مرتبہ اعضاء وضو دھونا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

4۔ وضو ہونے کے باوجود ہر نماز کے لیے وضو کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) سنت

5۔ وضو کا نائب ہے:

(الف) غسل (ب) تیمم (ج) نہانا (د) کلی کرنا

6۔ 40درہم پر زکوٰۃ ہوگی:

(الف) 1درہم (ب) 2درہم (ج) 3درہم (د) 5درہم

7۔ بکریوں کا نصاب زکوٰۃ ہے:

(الف) 25 (ب) 30 (ج) 35 (د) 40

8۔ زکوٰۃ وصول کرنے والے کو کہتے ہیں:

(الف) مصدوق (ب) مصدق (ج) تصدیق کرنے والا (د) تاجر

9۔ افضل صدقہ ہے:

(الف) رمضان میں (ب) شوال میں (ج) شعبان میں (د) صفر میں

10۔ رب کی رضا ہے:

(الف) مظلوم کی رضا میں (ب) لوگوں کی رضا میں (ج) والدہ کی رضا میں (د) والد کی رضا میں

ورق الٹئے

11۔ تقویٰ ہوتا ہے:

(الف) منہ میں (ب) زبان میں (ج) دل میں (د) سوچ میں

12۔ باپ کا اولاد کے لیے بہتر تحفہ ہے:

(الف) تجارت (ب) کام سکھانا (ج) اچھا ادب سکھانا (د) کاروبار

13۔ سب سے جھوٹی بات ہے:

(الف) دھوکہ (ب) جھوٹ (ج) برا کام (د) بدگمانی

14۔ قیامت کی تاریکیوں میں سے ہے:

(الف) گناہ (ب) ظلم (ج) بدسلوکی (د) گالی

15۔ مشرکین جس درخت پر ہتھیار لٹکاتے تھے اس کا نام ہے:

(الف) شیشم (ب) کیکر (ج) بیری (د) ذات انواط

16۔ تمام خلفاء ہوں گے:

(الف) قریش سے (ب) بنو ہاشم سے (ج) عدی سے (د) خزرج سے

17۔ قیامت والے دن حضور نبی کریم ﷺ کی طرف لوگوں کو بھیجیں گے:

(الف) حضرت نوحؑ (ب) حضرت موسیٰؑ (ج) حضرت عیسیٰؑ (د) حضرت داوٗدؑ

18۔ امت کی ایک جماعت ہمیشہ قائم رہے گی:

(الف) اجماع پر (ب) قیاس پر (ج) ثواب پر (د) حق پر

19۔ جنت کی مٹی ہے:

(الف) آگ کی (ب) زعفران کی (ج) سونے کی (د) چاندی کی

20۔ سب سے پہلے زمین شق ہو گی:

(الف) مدینہ سے (ب) مکہ سے (ج) شام سے (د) یمن سے

14-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث: سنن الترمذی	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ وضو کے بعد کی دعا عربی میں لکھیں۔

2۔ "لاوضوء لمن لم یذکر اسم اللہ" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

3۔ "ان المسلم لا ینجس" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

4۔ "ان الماء طھور لا ینجسہ شئی" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

5۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کی زکوۃ معاف فرمائی تھی؟ تحریر کریں۔

6۔ صدقہ وصول کرنے والے کو بکریوں کی تقسیم کس طرح کرنی چاہئے؟

7۔ مال پر زکوۃ کے حوالے سے اہل کوفہ کا مذہب تحریر کریں۔

8۔ دیانت دار آدمی کی فضیلت حدیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کریں۔

9۔ ہر نماز وقت پر ادا کرنے کے بعد سب سے نیک عمل کونسا ہے؟

10۔ کوئی شخص اپنے والدین کو گالی کیسے دے سکتا ہے؟

11۔ غیبت اور بہتان میں فرق بیان کریں۔

12۔ خادم کو مارنا اور گالی دینا کیسا ہے؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ ننگی تلوار لینا کیسا ہے؟

2۔ ایمان کے کتنے اور کون کونسے درجے ہیں؟

3۔ قیامت قائم ہونے سے پہلے کون کونسی چیزیں آدمی سے کلام کریں گی؟

4۔ فسق و فجار عام ہونے کے بعد کونسے عذاب آئیں گے؟

5۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے درحقیقت کس کو مفلس قرار دیا؟

6۔ "یومئذ تحدث اخبارھم" کیا مطلب ہے؟

7۔ کن لوگوں کو بلا حساب جنت میں داخل کیا جائے گا؟

8۔ انسان کی کونسی دو خواہشات ہمیشہ جوان رہتی ہیں؟

9۔ جنت الفردوس کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟

10۔ جنتیوں کی صفات بیان کریں۔

11۔ سب سے مکرم اور ادنیٰ جنتی کون ہو گا؟

12۔ کونسے 3 قسم کے لوگ مشک کے ٹیلوں پر ہوں گے؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "مفتاح الصلاۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) وضو کی فضیلت پر ایک تفصیلی نوٹ ترمذی شریف کی روشنی میں تحریر کریں۔

ii. فرائض غسل تحریر کریں۔ نیز غسل کا مسنون طریقہ ترمذی شریف کی روشنی میں مفصل اور مدلل لکھیں۔

iii. صدقہ فطر کی تعریف، مقدار، ادائیگی کا وقت اور فضیلت تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "عن عبد اللہ بن عمرو عن النبی ﷺ قال لیس الواصل بالمکافئ ولکن الواصل الذی اذا انقطعت رحمہ وصلھا"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) صلہ رحمی کی فضیلت واہمیت پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔

ii. ترمذی شریف کی روشنی میں علامات قیامت تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. آپ ﷺ کے دلائل النبوت پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔